مطبوعات

دو مسافر، دو ملک | مولفہ حکیم محمد سعید و مسعود احمد برکاتی صاحبان - سفر نامۂ فرانس و انگلستان
مرتبہ: مسعود احمد برکاتی - ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن پریس، کراچی - (ناظم آباد) صفحات یکصد، دبیز آرٹ کارڈ کا مصور و رنگین سرورق - قیمت: ۱۲/- روپے

امریکہ و یورپ کا تھوڑا سا سفر میں نے بھی کیا، بہت سے سفر نامے پڑھے، مگر اس سفرنامے کی نوعیت امتیازی ہے۔ اس کے مواد اور اندازِ بیان میں بچوں کی ضروریات کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ بچوں کی حق ماری جو عرصۂ دراز سے ہوتی رہی ہے۔ اس کے پیش نظر جو خدمت بھی کسی گوشے سے انجام دی جائے وہ بڑی قابل قدر ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ یہ سفرنامہ بچوں کے لیے اس مروجہ نقالانہ نہج پر نہیں لکھا گیا کہ جس میں مغرب کی ایسی تصویر بنا کر آئینہ کی طرح لٹکا دی جاتی ہے کہ بچہ احساسِ کہتری کے بوجھ تلے ہمیشہ کے لیے پس جائے۔ نہ ایسا ہے کہ جدید تمدن کے مادہ پرستانہ لباس میں انسانیت کو حیوانی سطح پر دکھا کر بچے کو اندھی خواہشات کی سواری اور اخلاقی قدروں سے بیگانہ کر دیا جائے۔ اس سفر کے دو مسافروں کا ذکر سامنے آتے ہی اقبال کا شعر یاد آجاتا ہے کہ:

؎ کاروانِ ایں دو بینائے وجود   بر کنارِ مشتری آمد فرود

سفرنامہ پڑھیں تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ دو محب وطن پاکستانیوں کا سفرنامہ ہے جو مسلمان ہیں۔ وہ قوم کے بچوں کو کتاب کے آئینے میں تمام اہم مناظر، ادارے، عمارتیں، شخصیتیں، ہوٹل، ٹیکسیاں، ہوائی اڈے، زیر زمین ریلوے، بازار، پارک، رنگ برنگے پھول، لوگوں کا رہن سہن، اُن کی عادات و اطوار اس طرح دکھاتے ہیں جیسے کسی میلے میں کوئی فن کار